ماهنامه

پیامبر دہلی

جلد ۵ — اگست ۱۹۴۴ء — نمبر ۷

قسمت فارسی

مدرسهٔ تابستانه

بدیهی است که جمیع افراد احبّاء و اماء الرحمن نام مدرسهٔ تابستانه را شنیده و بعضی نیز در دوره های مختلف این مدرسه شرکت نموده اند. معذلک ضروری بنظر میرسد که در ستون این مجله بیشتر در این موضوع و اهمیت فضل و آشنائی این موسسه که بموجب بیانات مبارکهٔ حضرت ولی امرالله ارواحنا لعنایاته الفداء پایهٔ اساس دارالفنون های آتیهٔ بهائی است بحث گردد تا برادران و خواهران روحانی توجه بیشتری باین موسسهٔ جدیدالبنیان معطوف داشته و در تحکیم و اساس آن جدیت و سعی وافر مبذول فرمایند

همواره نصب العین یک فرد بهائی اینست که روز بروز ترقّی نموده و ساعات و دقایق آتیهٔ زندگی او بهتر از اوقات گذشته اش باشد در کتب دروس اخلاقی و احکام و تعالیم دیانتی ما اهمیت این موضوع کاملاً گوشزد گردیده است و علاوه بر این در کتب انبیای عظام قبل نیز در بیان این مطلب قصور و کوتاهی نشده چنانچه حضرت رسول اکرم ص فرموده است (من ساوی یوماه فهو مغبون)

وقتیکه سیر در سبیل ترقی و تدرّج مورد نظر و محل توجه یک فرد بهائی باشد او را وادار خواهد نمود که درصدد بر آمده وظائف و تکالیف خود را با حسنها و اکملها بداند تا با علم کامل به وظیفهٔ خویش درصدد انجام آن برآید۔

شخص غیر آشنا بوظیفه همواره مصدر خطا بوده و بواسطهٔ عدم اطلاع دو فنائی است که قادر بایفای تکالیفی که خداوند بر عهدهٔ او نهاده نشده دقایق و ساعات گرانبهای عمر او بدون هیچگونه اثر و ثمری می گذشته خاتمتاً خاسراً از این جهان بجهان دیگر منتقل خواهد گردید۔

امروز تنها موسسه که قادر است اطلاعات کافیه را در دسترس احباء و اماء الرحمن و حتّی نفوس غیر بهائی بگذارد و ایشان را آشنا باهمیت وظائف و تکالیفی نماید که بعهدهٔ شان گذاشته شده است مدرسهٔ تابستانه است۔

این موسسه در عالم بهائی دارای قدر و منزلت عظیمی بوده و موسسات عظیمهٔ علمی آتیه بر روی این اساس بنا و تأسیس خواهد گردید۔ در هر سال یکدفعه آنهم در دورهٔ بسیار کوتاهی این مدرسه در بلدان مختلف تشکیل خواهد شد و با افراد جامعهٔ بهائیان خصوصاً جوانان که مسئولیت شدیده تری در قبال جامعهٔ امروز جهان دارند فرصت و توفیق خواهد داد که در این موسسه شرکت نموده بهرهٔ کافی و نتیجهٔ وافر بدست آورند۔ در سنین گذشته اگرچه احباء و اماء الرحمن در این مدرسه شرکت نموده اند ولی عدهٔ کافی و مورد نظر که شایستهٔ تجلیل و تعزیز این موسسهٔ عام المنفعه بوده در آن شرکت نجسته اند۔

بدیهی است یاران الهی بواسطهٔ اشتغال بکسب و کار کمتر فرصت یافته اند که از این ایام معدوده استفاده نموده با شرکت در مدرسهٔ تابستانه ذخیرهٔ از معارف روحانی بیندوزند ولی باید متوجه باشیم که هر چند که جمع ثروت مال برای ادارهٔ امور معیشت لازم و ضروری است بدرجات و مراتب برای ادارهٔ امور روحانی و کسب سعادت اخروی و موفقیت بخدمت در سبیل امرالهی احتیاج ما بذخیرهٔ روحانی بیشتر و بالاتر است — در این سنه بنا بتصویب محفل مقدس روحانی ملی بهائیان هند و برما مدرسهٔ تابستانه از تاریخ پانزدهم الی آخر ماه اکتوبر در کراچی تشکیل خواهد شد — از طرف لجنهٔ ملی مدرسهٔ تابستانه سعی و کوشش کامل خواهد شد که در تهیهٔ وسائل آسایش وارده و مشترکین قصور و کوتاهی نشود و امیدواری هست که در این سنه که اولین سال از قرن دوم بدیع و آغاز دورهٔ جدیدی در تاریخ امرالهی است احبّای الهی و اماء الرحمن مخصوصاً جوانان بهائی این فرصت گرانبها را کاملاً مغتنم دانسته با شرکت در مدرسهٔ تابستانه و تحصیل تامین سعادت روحانی خود بیشتر [illegible] مبارکه قدمی فرا نهند۔ ([illegible])

نطق مبارک حضرت عبدالبهاء در پاریس

شب سه‌شنبه سوم نوامبر سنه ۱۹۱۱ میلادی مطابق ۱۲ ذی قعده سنه ۱۳۲۹ هجری

هوالله

دین الله فی الحقیقت عبارت از اعمال است عبارت از الفاظ نیست زیرا دین الله عبارت از علاج است. دانستن دوا اثری ندارد بلکه استعمال دوا ثمر دارد. اگر طبیبی جمیع ادویه را بداند امّا استعمال نکند چه فائده دارد. تعالیم الهیه عبارت از هندسه و خریطهٔ بنا است اگر هندسه شود و خریطه کشیده گردد و ساخته نشود چه ثمری دارد تعالیم الهیه باید اجرا گردد باید عمل شود مجرّد خواندن و دانستن ثمری ندارد مثلاً در تعالیم حضرت مسیح میفرماید اگر کسی سیلی بر یمین شما زند یسار را پیش آرید کسی شما را لعن کند صلوات بفرستید بدخواه را خیرخواه باشید این تعالیم حضرت مسیح است. سبب نورانیت است سبب حیات عالم است سبب صلح و صلاح عالم است. امّا چه فائده دوا استعمال نمی‌شود می‌بینیم چقدر خونریزی میشود. چقدر نفوس که در این مدّت از طرف ملّت مسیح کشته شدند در مسئله پروتستان و کاتولیک بموجب تاریخ نهصد هزار نفس کشته شد. حال این قضیه چه مناسبت با تعالیم مسیح دارد با آنکه حضرت مسیح چنین تعالیمی فرموده بکلّی بعکس آن معامله نمودند جمیع مسیحیان این بیان حضرت را در انجیل می‌خوانند ولکن عمل نمی‌کنند از این خواندن چه ثمر. اگر بموجب آن عمل می‌کردند آنوقت ثمر داشت. در انجیل می‌فرماید من اثمارهم تعرفونهم یعنی از ثمر فهمیده می‌شود که این شجر شجرهٔ مبارکه است یا شجرهٔ خبیثه پس معلوم شد که دین قول نیست بلکه عمل است در قرآن الکاظمین الغیظ والعافین عن النّاس والله یحبّ المحسنین می‌فرماید یعنی اگر نفسی بنفسی تعدّی نماید متعدّی علیه باید حلیم باشد و عفو نماید و احسان و انعام نماید حال ملاحظه نمائید که اعمال چقدر مخالف اقوال است چه ظلم و ستمها وارد شد حتّی خون سیّد الشّهداء را ریختند جمال مبارک میفرماید اگر چنانچه مخالف شریعت الله نبود دست قاتل خویش را می‌بوسیدم و از مال خود او را ارث می‌دادم ولی چه توان نمود که حکم محکم کتاب روا نداشت و حطام دنیا در نزد این عبد نبود مقصود اینست که باید بموجب تعالیم الهی عمل نمود در جمیع ادیان الهیه در بدایت عمل بود نه قول مثلاً در ایّام حضرت مسیح حواریین بموجب تعالیم الهی عمل میکردند و این بود که ترقّی کردند از حضیض ذلّت باوج عزّت رسیدند و از ظلمات اوهام بنور هدایت مهتدی شدند همیشه چنین بوده ولی چون آن ایّام می‌گذرد بتدریج تغییری نماید کم کم عمل کم میشود و قول زیاده می‌گردد تا بدرجه‌ای میرسد که عمل نمی‌ماند تمام صرف قول می‌شود و این است که در قرون وسطی امر انقدر بدرجه‌ای رسیده بود که از تعالیم حتّی اثری باقی نمانده بود امراء و ملوک مسیحی جمیع بهم افتادند حرب دائمی بود ملاحظه کنید مجلسی که در لاهای بجهت صلح عمومی تشکیل شد چقدر مذاکرات در صلح شد و اقوال چقدر مقبول جمیع دول گشت فرستادند جمیع مذاکرات در این بود که دول و ملل باهم صلح و آشتی نمایند جنگ و جدال ننمایند. ترک سلاح شود.

انتهی

قرنِ دوّم

سالِ جاری اوّلین سالِ از دومین قرن دورِ بهائی است

در این سال در سراسر جهان جشنهای پرشکوه و با عظمت و جلال بمناسبت اختتام قرن اول و آغاز دومین قرن دورِ بهائی برپا گشت. نفوسی که در این جشنها شرکت نموده یا در صفحاتِ جرائد و مجلات در بارهٔ این قرن اعظم مطالبی ملاحظه نموده اند یقیناً در صدد برآمده اند که اطلاعات کافیه از تاریخ این صد سال که پر افتخارترین سنین در تاریخ عالم بشری است بدست آورده و بر کیفیت وقوع حوادث و وقایع سراسر اعجاز آن واقف و مطلع گردند. جای هیچگونه تردید نیست که تاثیراتِ عظیمه که وقایع قرن اوّل دورِ بهائی در عالمِ انسانی داشته و خواهد داشت امروز مشهود و آشکار نبوده و نفوس محقق به قطره از آن دریای ذخّار که بدستهای اقتدار پروردگار توانا بموج آمده است بیشتر واقف و مطلع نخواهند گشت.

— فکر کوتاه و ظاهر بین بشر که امروز مادیات را بیشتر از روحانیات مورد توجه و نظر قرار داده و بلکه چنان در دریای مادیت مستغرق گشته که برای او تصور وجود عالمی روحانی و حقیقی ماورای این جهانِ پرشور و شر مشکل است، چگونه قادر خواهد بود که از حقیقت اطلاع یابد که هزاران نفوس مقدس و منظر بطیب خاطر در سبیل اعلای آن امر و ابراز آن حقیقت و سطوع آن شمس جانِ شیرینِ خود را فدا نموده و املاک خویش را مفت و رایگان از دست داده اند.

— دیری نگذشته است و هنوز اولاد و احفاد و بازماندگان آن شهدا و فدائیانِ امرالهی موجود و بسیاری از آنان خود شاهد و ناظر قتل و کشتار پدران و منتسبین خود بوده و جمعی نیز در تحمّل آن بلایا سهیم و شریک آن جانبازان کوی دوست گشته اند.

قتلگاه و مدافن و مضاجع آن شهداء دلیل جلیل بر عظمت روح و قدرت عقیده و شهامت بارزی است که در آن عشاق دلبر حقیقی موجود بوده آنان را از جمیع تعلقات دنیوی گسسته و با ایثار جان در سبیل جانان مشوق گشته است.

بلی تاثیرات عظیمه وقایع حیرت انگیز اوّلین قرن دورِ بهائی امروز بر طالبان مکشوف نبوده و این دانهها سنگ بدست قدرت الهی در مزرعهٔ قلوب انسانی کاشته شده و با خونِ این شهدا و فداکاران آبیاری شده است سرسبزی و طراوت و اثمار و فواکه آن بزودی هویدا گشته جهانی را متنعّم و مرزوق خواهد نمود.

افراد اهل بهاء که در اختتام قرنِ اول و آغاز دومین قرن دورِ بهائی واقع شده اند وظیفهٔ بسیار سنگینی بعهده دارند زیرا آنان که شاهد و ناظر و سامع وقایع حیرت انگیز قرن اول دور بدیع بوده و در آغاز قرن دوم مشاهده می نمایند که بشر غافل از عمد چگونه بواسطه عدم توجه باصول امرالهی و شریعهٔ ربانی در صدد قلع و قمع ریشهٔ حیاتِ یکدیگر برآمده اند باید بنهایت سعی و جدیت را صبر دل دارند که این نفوس درمانده را که بنهایت بدبختی و بیچارگی در تلاش مأمن و ملجائی هستند تا از این گرداب هلاکت نجات یابند دستگیری نموده بساحل نجات و رستگاری که آئین مقدس بهائی است رهبری و دلالت نمایند یعنی تبلیغ امرالهی بزرگترین وظیفهٔ هر فردی است که خود را بآئین حضرت بهاءالله مؤمن میداند

(مدیر قسمت فارسی)

ادعیهٔ حضرت محبوب

بر قارئین محترم پوشیده مباد که کتابچه ادعیهٔ حضرت محبوب طبع بند فقط قسمت فارسی مناجات حضرت بهاءالله است که از روی کتابچه چاپ عکسی طهران گراور (بلاک) نموده در هندوستان طبع گردیده است و هدیهٔ آن با جلد پارچه ۱۴ آنه و کاغذی ۸ آنه میباشد. از کتب خانهٔ بهائی پبلشنگ هوس - بهائی هال دیپ چند روڈ کراچی" بطلبید

یک سوال از حضرت عبدالبهاء

بقلم انیس وِدوت
ترجمه

مرا افتخار بزرگی داشتم که در روز آخر اقامت حضرت عبدالبهاء در امریکا بحضور مبارکش مشرف گشتم سوالی داشتم که میخواستم از حضور مبارک بپرسم ولی چون بیم آن میرفت که مرا در جواب مامور نطق و خطاب در هر محل و مجلسی نمایند لذا خودداری کردم. بالاخره در دقیقهٔ آخر بخود آمده گفتم فی الواقع شرم آور است که از موقعیت استفاده ننمایم و سوال خود را پنهان دارم چون بحضور رسیدم فی الفور فرمودند: آیا کسی سوالی دارد. بیدرنگ پرسیدم بهترین طریقهٔ تبلیغ امر حضرت بهاءالله چیست؟ چهرهٔ مبارک برافروخته شد و با ندای بلند و همین کلمات ذیل را در جواب فرمودند: ـ اولین قدم تحصیل طلب روحانیت است و بعد دارا شدن حیات بهائی ـ طریقه بدست آوردن این عطش تفکر و تمعن درباره حیات آینده و لیعنی دارعقبی است. کتاب مقدس را بخوانید. کلمات انبیاء را تحصیل کنید، مخصوصاً تفکری درباره کلمات جمال مبارک نمائید ـ دعا و تفکر دو عامل مهم میباشند فراموش نکنید بلکه خیلی وقت صرف این دو کار نمائید بعد البته رفته رفته این عطش و طلب در قلب شما جای گیر خواهد شد و فقط پس از تحصیل آن طلب است که میتوانید دارای زندگانی بهائی شوید ـ برای اینکه حیات بهائی دارا باشید باید مهربان ترین زن دنیا گردید ـ و خالصترین و پاک ترین همه شوید فقط و فقط طرفدار حق و حقانیت باشید و کاملاً بر طبق اصول الهیه زندگانی نمائید همسایگان خود را در موقعیکه مریضند دیدن کنید و چون در زحمت راحتی آنها بخشید و هر نحو که ممکن است بخدمتشان بپردازید و از روی صمیمیت واقعی بآنها نشان دهید که ایشان را دوست دارید و از صمیم قلب مائل بخدمت گذاریشان میباشید ـ فقرا را بخشش کنید غذا بآنها بدهید با سائرین قسمت کنید هر چه خداوند بایشان مقدر فرموده راضی باشید و کسانیکه بشما اطمینان میورزند نهایت امانت و وفاداری نشان دهید هرگز جز طریق مهر و وفا نپوئید با زندگی خود بجهانیان نشان بدهید که گوهری در قلب روحی غیر دیگران دارید تا کار بجائی رسد که همه بگویند (این شخص چه دارد که ما نداریم) بعالمیان نشان بدهید که در عین رنج و زحمت در بحبوحهٔ فقر و در سختی در رفع چیزی دارید که تسلی دهندهٔ قلب قوت روح شما است بهمه بفهمانید گنجی در دل دارید که بشما قوت قلب و آرامی روان بخشیده در بحبوحهٔ بلایا شما را شفقت و سکون داده قوی و محکم ساخته و برد وقائع و حوادث حیاتی راضی و خوشنود نگاه میدارد.

وقتی چنین شد همه طالب گردند که از گوهر ثمین شما دارا باشند و چون کار باینجا رسید دیگر تبلیغ زحمتی ندارد و فقط باید بآنها بگوئید که این در گرانبها چیست.

(انتهی)

اخبار روحانیه

(۱) ایران

(الف) طبق مرقومات واصله نمایندگان کانونشن بهائیان ایران در این سنه بشکرانه اختتام اولین قرن و آغاز دومین قرن دور بهائی در شیراز مجتمع و در لیلهٔ مبارکه بعثت حضرت باب اعظم و ولادت حضرت عبدالبهاء (۲۲ ماه مئی ۱۹۴۴) در ساعت دو و یازده دقیقه بعد از غروب مقارن موقعی که صد سال قبل از این حضرت باب اعظم اظهار امر فرموده اند در بیت مبارک مشرف و آن مقام اقدس را زیارت نموده اند

(ب) در جمیع بلاد و قری و قصبات ایران که الی کنون مراکز بهائی تأسیس گردیده است مدت یک هفته مجالس و محافل جشن و سرور بمناسبت اختتام قرن اول دور بهائی برپا و بسیاری از فقرا نیز اطعام گردیده اند.

(ج) جناب روح الله آزاده علیه رحمة الله المغفرة که از نفوس خادمه مخلصه و اولین فرد بهائی بوده اند که در ناحیهٔ جهرم وسنه ترجابه تأسیس مرکز بهائی در آن شهر موفقیت یافته اند و در سنه حالیه در عداد نمایندگان کانونشن بهائیان ایران بوده اند در شهر شیراز به ملکوت ابهی عروج نموده اند.

فقدان جناب روح الله آزاده موجب حزن و اندوه در قلوب همهٔ احباء گردید و از آستان جمال اقدس ابهی علو درجات و مقامات را برای آن متصاعد الی الله و حصول صبر و سلوان را برای عموم بازماندگان ایشان ملتمسیم.

(د) ساختمان حظیرة القدس ملی بهائیان ایران در طهران قریب باختتام میباشد.

(۲) بحرین

طبق مرقومهٔ واصله از جناب ابوالقاسم فیضی علیه بهاءالله در بحرین محفل روحانی بهائیان تأسیس و یاران آن سامان بنهایت خلوص و جدیت بخدمت امر حضرت مالک البریه موفق و مؤید اند.

(مدیر قسمت فارسی)

معزز الحق عمی اوڈیٹر۔ پرنٹر پبلشر نے حمید برقی پریس بلیماران دہلی میں چھپوا کر دفتر پیامبر حظیرة القدس بہائیان ملکہ گنج روڈ سبزی منڈی دہلی سے شائع کیا

مشرقِ الٰہی اور صبحِ تجلّی

عالمِ حدود کا رہنے والا انسان جس قدر اُونچے سے اونچا پرواز کرے۔ پھر بھی واجب الوجود نامحدُود کے ادراک تک نہیں پہنچتا۔ خداوند عالم کی عظمت و رفعت اتنی وسیع و عظیم ہے کہ تمام جہان کی قوّتِ ادراک جمع ہو کر بھی اس کے ایک جلوے پر نظر نہیں جما سکتی۔ مظہرِ ظہور یا پیغمبرِ حق۔ تجلّیاتِ الٰہیہ کا عرش ہوتا ہے۔ جو ارواحِ مقدسہ اس عرشِ عظیم کا طواف کرتی ہیں وہ ابدی روشنی حاصل کرتی ہیں۔ مظہرِ ظہور خدا کا چہرہ ہوتا ہے اُسے دیکھنے والے خدا کو دیکھتے ہیں۔ بصرِ امکان کے لئے یہی حد معیّن و مقرّر ہے۔

تجلّی الٰہی آفتابِ حقیقت ہے جو لوگ اس سے روشن ہوتے ہیں وہ جہان کے لئے آفتاب ماہتاب اور ستارے بن کر چمکتے ہیں۔ جو لوگ خدائی مرکز سے وابستہ ہوتے ہیں وہ ہر قید و بند سے آزاد ہو کر نجات پاتے ہیں اور ابدی خوشی میں رہتے ہیں۔ وہ عارفوں کے مقصود کو پہچان لیتے ہیں۔ وہ حمدِ الٰہی میں مسرور ہوتے ہیں۔ وہ شام و سحر دل و جان سے شکر ادا کرتے ہیں۔ اُن کی نظر اُفقِ اعلیٰ پر جمی رہتی ہے مشرقِ الٰہی سے نمودار ہونے والی صبحِ تجلّی میں انہوں نے ایک لازوال نئی زندگی پائی ہے۔

جب دُنیا پر رات چھا گئی۔ اندھیرا ہو گیا فطرت کا تقاضا ہوا کہ روشنی آئے۔ صبح نمودار ہوئی۔ سورج نکل آیا۔ سونے والے جاگ اُٹھے۔ دستِ قدرت نے اپنے قلمِ اعلیٰ کو حرکت دی۔ کُل کائنات متحرک ہو گئی۔ فرمانِ جدید صادر ہوا۔ دَورِ جدید شروع ہوا۔ شرعِ جدید کا ظہور ہوا۔ طالبانِ حق متوجہ ہوئے۔ اُمتِ جدیدہ برپا ہوئی نظمِ جدید رُونما ہے عنقریب آسمان زمین بدل جائیں گے۔ نئی انسانیت کا دَور دَورہ ہو گا۔ دَورِ وحدت کا آغاز ہو چکا ہے۔ آسمانی خوانِ نعمت بچھا دیا گیا ہے۔ مشرق و مغرب سے مہمان چلے آ رہے ہیں۔ اصفیاء و اولیاء کے ساتھ روحانی ضیافت میں شریک ہو رہے ہیں۔ حجابات اُٹھ رہے ہیں۔ اوہام کے بندھن ٹوٹ رہے ہیں۔ نئے نئے حقائق بے نقاب ہو رہے ہیں۔ دَورِ ستر گزر چکا ہے۔ اب دَورِ کشف جلوہ گر ہے۔ مراقبہ کا زمانہ گیا۔ اب مشاہدہ کا وقت ہے۔ انتظار کی گھڑیاں ختم ہوئیں۔ وصل و ملاقات کا زمانہ ہے۔ موعود محبوب ظاہر ہو چکا ہے۔ وہ پیارا موعود آیا جسے قومیں مختلف ناموں سے یاد کرتی تھیں۔ سب کا محبوب آ گیا۔ سب کتابوں کی پیش گوئیاں پوری ہوئیں۔ سب پیغمبروں کے وعدے پورے ہوئے۔ آنے والا آ گیا۔ جسے عرفانی دُنیا میں سب عارف اس نام سے یاد کرتے ہیں "حضرت بہاء اللہ جلّ جلالہٗ"

بے بصر دشمنوں نے اُسکے ساتھ بے وفائی کی۔ اُس کی قدر نہ پہچانی۔ اسکے جمال، جمال کو نہ دیکھا۔ بلکہ اُس پر اور اُس کے عشاق پر مظالم کئے۔ ستم ڈھائے۔ برسوں تکلیفیں دیں جنہیں دیکھکر دیکھنے والے حیران ہوئے اور سُننے والے متعجب۔ نہ ایسے صبر و استقلال کی مثال کبھی دیکھی تھی نہ ایسے مظالم کبھی سُنے تھے۔ آخرکار حضرت بہاء اللہ کے صبر و عزم نے نار کو گلزار کر دیا۔ سجن کو قصرِ ملکوتی بنا دیا۔ گرے ہوؤں کو اُٹھا لیا۔ مُردوں کو جِلا دیا۔ آتش خانہ ہلاکت سے بچا کر زندگی کی جنت میں پہنچا دیا۔

افقِ اعلیٰ سے ندا آ رہی ہے حجابات میں گرفتار نہ رہو۔ یوم موعود آپہنچا ہے۔ مالکِ یوم موعود کی ندا نہایت شیریں ہے مقربوں کے دل اسمیں جذب ہو رہے ہیں۔ یہ عجیب فضل و کرم ہے۔ اپنے پاس کی چیزوں کو ایک طرف رکھدو اور خداوند عالم کی نئی بخشش کو قبول کرو۔ مبارک ہیں وہ لوگ جو محبوب کی آواز پر لبیک کہتے ہیں۔ اور جو لوگ بے رُخی کرتے ہیں وہ جامِ بقا سے محروم رہتے ہیں۔ حسین کی مانند مظلوم ہو۔ یزید کی طرح ظالم نہ ہو۔ واقعات شاہد ہیں کہ خدا کے مظہرِ ظہور حضرت بہاء اللہ نے مظلومیت کو ہی پسند کیا ہے۔ مظلومیت کا ایک ذرّہ بہت سے اعمال سے بہتر ہے۔ مظہرِ ظہور کا ذکر ہی ذکرِ خدا ہے۔ اسی ذکر سے خداوند جہاں کی خوشبو عالمِ امکان میں پھیل رہی ہے۔ قلوب و عقول اسی سے پُر نور ہیں۔ اگرچہ ستمگاروں نے اُس محبوب کو قید و بند میں رکھا۔ لیکن زبانِ قدرت نے اسکی عظمت کا چرچا تمام جہان میں کر دیا۔

ظہورِ حق ایک امتحان ہوتا ہے جو لوگ نفسانی خواہش میں پھنس کر رہ جاتے ہیں حق سے محجوب ہوتے ہیں۔ اور جو لوگ شوق و اشتیاق سے افقِ ظہور کی طرف متوجہ ہوتے ہیں وہی کامیاب ہوتے ہیں۔ دُنیا جہان کے حجابات اُنہیں مالکِ حقیقی سے محروم نہیں رکھ سکتے۔ یہی عرفان لازوال دولت ہے جسے کبھی فنا نہیں۔

اُٹھو اُٹھو۔ تمام دُنیا کو خوش خبری سُنا دو کہ خدا کے اسم المقتدر کے مشرق سے ایک عظیم الشان نورِ قدرت نمودار ہوا ہے آج کا ایک مخلصانہ قدم حیاتِ جاوید کا قدم ہے۔ کوثرِ حیات سامنے موجود ہے۔ آؤ آؤ پیو اور نئی زندگی پاؤ۔ بادۂ حقیقی آمادہ ہے۔ ساقیِ ظہور جامِ طہور پلا رہا ہے۔ آج بزمِ عالم میں نیا دَور ہے۔ روحانی دسترخوان بچھا ہوا ہے۔ فائز ہونے والوں کو مُبارک باد۔

آج اگر ایک کنیز شرفِ ایمان سے فائز ہو تو وہ دُنیا کی ہر ایک ملکہ سے بہتر ہے۔ اگر انسان محبتِ الٰہی سے آراستہ ہو تو مقبولِ بارگاہ ہے ورنہ کوئی حسب نسب کام نہ دے گا۔ محبتِ الٰہی کا مقام ہی وہ لازوال مقام ہے جو ہمیشہ انسان کے ساتھ رہیگا۔ دُنیا بھر کے اسباب و ساز و سامان فنا ہو جائیں گے۔ کلامِ الٰہی کوثرِ حقیقی ہے۔ وہی آبِ حیات ہے جسمیں ابدی زندگی ہے۔ دُنیا اور دُنیا کی سب چیزیں فنا ہو رہی ہیں اور سب دیکھ رہے ہیں۔ پھر بھی فانی چیزوں پر ایسے فریفتہ ہو رہے ہیں کہ لازوال نعمت کو فراموش کر دیا ہے۔ اور جہل و نادانی کی قبروں میں پڑے ہوئے ہیں۔

تمام لوگ منتظر تھے کہ مظہرِ ظہورِ الٰہی جلوہ گر ہوگا۔

جب صبحِ حقیقت نمودار ہوگئی اور آفتابِ حقیقت اُفقِ عالم سے طلوع ہوگیا۔ بہت سے لوگ نفسانی پردوں میں رہ گئے۔ اور وادیِ ضلالت میں بھٹک رہے ہیں۔ ظلم وستم پر کمربستہ ہیں لیکن اہلِ حق پر جس قدر ظلم ہوگا حق اور زیادہ روشن ہوگا۔ چراغِ حق مخالفت کی آندھیوں سے نہیں بجھتا۔ آفتابِ حق انکار کی بدلیوں سے نہیں چُھپتا۔ ارادۂ الٰہیہ ہمیشہ غالب رہتا ہے۔ اور تمام عالم کو گھیر لیتا ہے۔ جو عمل خدا کے لئے کیا جاتا ہے دائم وقائم رہتا ہے اور بے شمار پھل لاتا ہے۔

کتبِ مقدسہ میں یومِ ظہور کا ذکر نازل ہوا تھا اور سب قومیں منتظر تھیں۔ جب مظہرِ ظہورِ الٰہی نے عرصۂ عالم میں قدم رکھا تو لوگ نورِ قرب ووصال سے محروم رہ گئے۔ البتہ جو لوگ دنیا ومافیہا سے بے نیاز ہوگئے وہ خداوند رحمٰن کی جانب متوجہ ہوئے۔ ایمان باللہ صرف زبانی دعوے کا نام نہیں ہے۔ خدا نے اسمِ اعظم کی کسوٹی سے ہر ایک کا امتحان لیا اور کھرے کھوٹے کو الگ الگ کردیا۔ سعید اور شقی جدا جدا ہوئے۔ ابرار واشرار ظاہر ہوئے۔ جو لوگ دُنیا والوں کے اشارات وحجابات میں گرفتار نہیں ہوتے۔ صراطِ مستقیم کو مضبوط تھام لیتے ہیں ان کے مقامات بہت بلند ہیں۔ وہ نہایت فرحت ومسرت سے ذکرِ محبوب میں مصروف رہتے ہیں اُن کی نظر اُفقِ عنایت کی طرف لگی رہتی ہے۔ وہ خداوند رحمٰن کے نام سے بادۂ عرفان پیتے ہیں۔ اور اہلِ امکان کو پلاتے ہیں۔ وہ پکارتے ہیں کہ خدا کی قسم محبوبِ موعود آگیا ہے۔ وعدہ پورا ہوگیا ہے۔ امیروں کی سطوت اور علماء کی شوکت اس کے سامنے ہیچ ہے وہ تمام اقوامِ عالم کو خداوندِ عالم کی طرف بلا رہا ہے۔ اے اقوام! دُنیا کو چھوڑ دو وہ تو فانی ہے۔ ہاں مومنوں کے لئے قلمِ اعلیٰ نے جو کچھ لکھا ہے وہ باقی ہے۔ اپنے خیالات ترک کرو۔ خدائی احکام کو مضبوط تھام لو۔

ہر دم کوثرِ عرفان پیو۔ رحیقِ مختوم سے لوگوں کو سیراب کرو جس کی مُہر اسمِ اعظم کی برکت سے کھولدی گئی ہے۔ اکثر لوگوں کو دودھ پیتے بچّے کی مانند تصور کرو۔ اگر پہلی ہی بار قوی غذا اُسے دیدی جائے تو مرجائے گا اور تمام بلوغ کو نہ پہنچے گا۔ انہیں حکمت کے پستانوں سے معارف کا دودھ پلانا چاہیئے۔ تاکہ وہ بلوغِ حقیقی کے مقام پر پہنچ جائیں۔ جو پردوں کے اُٹھنے کا مقام ہے۔ بادۂ عرفان کے ساقی بنو۔ شجرۂ الٰہیہ کی آگ سے ایسے مشتعل ہوجاؤ کہ تمام اردگرد کے جہات بھی مشتعل ہوجائیں۔ معرفتِ خداوندی اور محبتِ الٰہی سے فائز ہوجائیں۔

برادرانِ ہندوستان! حضرت بہاءاللہ کا ظہور تمام جہان اور سب اقوام کے لئے رحمتِ عام ہے۔ اور دُنیا بھر کی قومیں اس ظہورِ اعظم کے عرفان سے مشرف ہوکر نئی زندگی پارہی ہیں۔ سطورِ بالا میں جو پیغام آپ کو پیامبر نے سُنایا ہے وہ ان الواحِ مبارکہ کی روشنی میں ہے جو خداوندِ عالم کی خاص عنایت سے ہندوستان کے لئے نازل ہوئی ہیں۔ اس لئے یہ پیغام برادرانِ ہندوستان کے لئے خاص نعمتِ الٰہیہ ہے۔ نئی زندگی کا جام پیجئے اور نہایت شوق سے یہ نعمتِ عظمیٰ لیجئے۔

حضرتِ باب کا وصیّت نامہ

مُلّا باقر حرفِ حیٔ کے نام

بسمِ اللہِ الامنع الاقدس۔

تعریف اُس خدا کی جسکے سوا عزیز اور محبوب کوئی خدا نہیں۔ اور بہا ابہیٰ ہو بلند ذکر والے خدا کی طرف سے مَنْ یُّظْہِرُہُ اللہ کی طرف جس کا امر پُرجلال ہے۔ جو اللہ کے امر سے خلق ہوگا اور جس کے اندر اُس تجلّی کے علاوہ کچھ دکھائی نہ دیگا جو اس پر خدا کی طرف سے اِس قول کے مطابق ہوگی کہ یقیناً اُس خداوند مُہیمن اور قیّوم کے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔ میں نے تیرا خط سُنا۔ اُس خط میں ایک جوہر ہے۔ اگر وہ اسمیں نہ ہوتا تو میں تجھے اِس قرطاس پر جواب نہ دیتا اور نہ اِسوقت ایسا جواب دیتا جس سے اعلیٰ جواب عالمِ خلقت میں مقدّر نہیں ہوا ہے۔ پس کیسا بلند مرتبہ ہے اُس کے ذکر کا جس کے متعلق تو نے سوال کیا ہے۔

درحقیقت وہ اِس بات سے بلندتر۔ عزیزتر۔ جلیل تر۔ برتر اور پاک تر ہے کہ اُسے لوگوں کے فؤاد سمجھ سکیں یا اُن کی ارواح اُنہیں سجدہ کر سکیں یا نفوس میں اُس کی تعریف کرنے کی طاقت ہو یا اُن کے جسم میں اُس کے جمال کے ذکر کی قوت ہو۔ پس تیرا سوال کتنا بڑا اور تیری ہستی کتنی چھوٹی ہے؟ کیا وہ سُورج جو نقطۂ بیان کے ظہور میں مرآت میں جلوہ گر ہے اُس سُورج کے متعلق دریافت کر رہا ہے جس کے ظہور کے وقت یہ تمام مرآت کے اندر وجود رکھنے والے سُورج اگر درحقیقت سورج ہیں تو اُسکی طلعت کے روبرو سجدہ کرینگے ورنہ یہ سب سورج اِس لائق نہیں ہیں کہ اِن کو اُسکی پاکیزگی بلندی اور ذکر کی برتری کے ساتھ نسبت دی جائے۔ اب اگر تو واحدِ اوّل میں کا ایک نہ ہوتا تو میں تجھ پر حدِ شرعی جاری کرتا کیونکہ تو نے اُس خدا کے متعلق سوال کیا جسنے تجھے خلق کیا اور رزق دیا اور موت دی اور زندہ کیا اور پھر نقطۂ بیان کے ذریعہ تجھے مبعوث کیا اِس زمانہ میں جس کو سب کے خالق نے یگانہ بنایا ہے (یہاں تک کہ دُعا اور تضرّع و زاری کی تلقین کرتے ہوئے فرمایا) میں یہ ہوں۔ تیری عنایت سے اجازت چاہتا ہوں کہ اپنی بخشش سے میرے فؤاد کو اجازت دے کہ اُسکی یاد جسے تو ضرور ظاہر کریگا برابر آتی رہے۔ اور میرے فؤاد کو اور جو کچھ بھی میرے اندر ہے یا میرے اوپر ہے اُسے مَن یظہرہ اللہ کی محبّت سے ایسا معمور کر دے کہ میں اُسے تمام اُن مقامات کا مستحق سمجھوں جن کا مستحق تو خود ہے۔ اور ہر اُس شان سے مقدس سمجھوں جس سے تو مقدس ہے۔ اگر میں اُسے پُوری طرح سے اکیلا ہی اکیلا دیکھوں تو ضرور خود اُس کے نفس کے استحقاق

کی رُو سے اُس کے لئے سجدہ کروں لیکن وہ سجدہ میری طرف سے تیرے لئے ہوگا، صرف اور صرف تیرے لئے، سوا تیرے کوئی خدا نہیں ہے۔ اور اگر میں دیکھوں کہ ساری دُنیا کے لوگ بار بار اُس کے سامنے سجدہ کر رہے ہیں تو اُس نظارہ کو دیکھکر میرے فُؤاد میں اُس کی عظمت اور زیادہ نہ ہوگی، بلکہ اگر میں دیکھوں کہ دُنیا کی ہر چیز کل شئے کی تعداد میں پُوری قوت کے ساتھ اُس کے لئے سجدہ کر رہی ہو جبکہ وہ فرما رہا ہے " میں خدا ہوں میرے سوا کوئی خدا نہیں اور میرے سوا سب میری مخلوق ہے۔ کہدو۔ اے میری مخلوق مجھے سجدہ کرو" تو ایسا کہنا اسکا حق ہے۔ اور کل شئے کی پیدائش مجھے نہ باز رکھ سکے گی اس کی تعظیم سے اور اُسکی بڑائی اور عظمت کا ذکر کرنے سے (الی قولہ) درحقیقت اس کا ذکر کرتے ہوئے میں نے ایک سربستہ راز فاش کر دیا ہے اور وہ یہ ہے کہ نہ تو وہ اشارے جو میں نے کئے ہیں اور نہ وہ سب کچھ جو (کتاب) البیان میں ذکر ہوا ہے اُس تک پہنچ سکتا ہے۔ کیوں نہ ہو۔ اُسکی عزت کی قسم یہ کلمہ دُنیا بھر کی عبادت سے بڑا ہے۔ کیونکہ ہر عبارت کا جوہر اُسی پر جا کر ختم ہوتا ہے۔ پس جیسے تو نے خدا کو پہچانا ہے۔ من یظھرہ اللہ کو بھی پہچان لے کیونکہ (اسکا مقام) اس سے زیادہ جلیل القدر اور برتر ہے کہ اسکو اسکے غیر کے ذریعہ پہچانا جائے یا وہ مخلوق کے اشارے کا مشارٌ الیہ بن سکے اور حقیقت یہ ہے کہ میں پہلا بندہ ہوں جو اُس پر اور اُسکی آیات پر ایمان لایا اور جس نے اسکی محبت اور اُسکے عرفان اور اُسکے کلام کے باغ کے تازہ پھلوں میں سے حصہ حاصل کیا۔ کیوں نہ ہو۔ اُس کی عزت کی قسم۔ وہ حق ہے۔

اُس کے سوا کوئی دوسرا خدا نہیں۔ سب اُس کے امر پہ قائم ہیں۔ (الی قولہ) اے میری بات کے سننے والے۔ اگر تو اُس کے ظہور کے زمانہ میں موجود ہو اور اگر تو کتاب البیان کے عالموں میں سے سب سے زیادہ علم والے کے ذریعہ سے اُسے پہچانے تو تو نے خود اُسکو نہیں پہچانا اور اگر تو نے دیکھا کہ وہ بے نظیر عالم مَنْ یُظْھِرُہُ اللّٰہ کے امر کو قبول کرنے میں تامل کر رہا ہے اور تو نے اُس عالم کو انسان کے نام سے پکارا تو تو نے مظہر احدیت کے اثبات کے لئے حروف نفی کی نفی نہ کی۔ وہ جس کا ذکر جلیل القدر ہے اپنے نفس کا عرفان ہر چیز کو دیگا۔ مجھے یہ کہتے ہوئے شرم آتی ہے کہ وہ (بھی) اپنے نفس کا عرفان ہر چیز کو اسی طرح دیگا جس طرح میں نے اپنے نفس کا عرفان سب کو اپنی آیات کے ذریعہ دیا۔ کیونکہ وہ عرفان جو سب کو حاصل ہوتا ہے اُس کی مخلوق ہے۔ خدا کا مرتبہ تو ایسا جلیل القدر اور عالی مقام ہے کہ اُسکی خلق کے ذریعہ اُسکو نہیں پہچانا جا سکتا۔ بلکہ خلق کو اُس کی معرفت سے پہچانا جاتا ہے۔ اُسکی وہ ذات ہے کہ جب اُسکی ازلیت کی مقدس زبان گویا ہوتی ہے تو ایک ہی قول (کلمہ) سے جو کچھ چاہتا ہے پیدا ہو جاتا ہے۔ خواہ وہ نبی ہو، خواہ ولی ہو، خواہ صدیق ہو خواہ نقی ہو۔ کیونکہ خواہ کچھ بھی پیدا ہو (اُن میں کی) ہر چیز کو اُس نے (اپنا) راستہ دکھانے والا اور اپنا سفیر بنایا ہے۔ سب نے یہی کہا ہے کہ خدا کے سوا کوئی خدا نہیں۔ تم لوگ اُسکا انتظار کرو جس کا چہرہ تمہیں خدا کی یاد دلائے گا کیونکہ تمہاری پیدائش کی غرض اور غایت یہی ہے کہ تم اُسکا دیدار دیکھو۔ وہی سب چیزوں کو اپنے حکم سے پیدا کریگا۔ خبردار، خبردار،

مبادا اُسکے ظہور کے دن واحد بیانی تیرے لئے حجاب (پردہ) بن جائے کیونکہ یہ واحد تو اُسکی ایک مخلوق ہے۔ خبردار خبردار مبادا وہ عبارت اور کلمات تیرے لئے حجاب ہوجائیں جو کتاب البیان میں نازل ہوئے ہیں۔ کیونکہ یہ کلام خود اُسی کا کلام ہے جو اُسکی پہلی ہیکل ظہور سے ظاہر ہوا ہے، اور یہی ہے شمس حقیقت، وجہ احدیت، طلعۃ ربوبیت، کینونیت الوہیت، انیت ازلیت۔ اگر یہ خاک کے اوپر بیٹھے تو خاک کے ذرے بلند آواز کے ساتھ منادی کرینگے کہ ہم وہ عرش ہیں جس پر الرحمن جالس ہے۔ اور جبکہ خاک کو اس طرح اُس کا عرش بنکر فخر کرنا بجا ہے تو عقل و ہوش والوں کو اُس خدائے واحد و قہار پر کیسا فخر کرنا چاہئے اور اُس کیلئے اور تیرے ظہور کرنے والے خدا کے متعلق دریافت کرنا چاہئے۔ پس اپنے فواد کی آنکھ سے اُسکی طرف دیکھ اور اُسکی طرف مت دیکھ مگر خود اُسی کی نظر سے۔ کیونکہ جو کوئی بھی اُسکی طرف اُس کی آنکھ سے دیکھیگا وہ اُسکو پہچان لیگا ورنہ پردہ کے پیچھے رہ جائیگا۔ اگر تو خدا اور اُسکا دیدار چاہتا ہے تو من یظہرہ اللہ کو چاہ اور اُسکی طرف دیکھ۔ لیکن (ساتھ ہی) اُسکی شہادت دے کہ خدا کے علاوہ کوئی (دوسری) غرض و غایت نہیں ہے۔ اور (یہ کہ) وہ ازلی ذات دیکھنے میں نہیں آسکتی۔ اور وہ جس کا سمجھ آنا ممکن ہے اور جسکو خدا کے ساتھ منسوب کرنا صحیح ہے وہ طلعت فردانیت اور وجہ صمدانیت ہے (الی قولہ) مجھے قسم ہے اُسکی جسنے دانے کو پھاڑا اور جان پیدا کی۔ اگر مجھے یقین ہوجائے کہ تو اُس کے ظہور کے دن اُس پر ایمان نہ لائیگا تو میں تجھے اس ظہور میں ہی مومن نہ کہوں، کیونکہ تو خلق نہیں کیا گیا ہے مگر اُسکے لئے

اور اگر مجھے یہ معلوم ہوجائے کہ عیسائیوں میں سے کوئی اُس پر ایمان لے آئیگا تو میں اُسے اپنی دونوں آنکھوں کا تارا بنالوں اور آج بھی یہی کہوں کہ وہ مومن ہے۔ بغیر اسکے کہ میں اُسکے اندر کوئی بھی اثر دیکھوں۔ کیونکہ وہ شخص اگر اُسکے ظہور کے دن اُس پر ایمان لے آئے تو اُسکے جتنے عالم (اور جتنی شانیں) ہیں وہ سب نورانی ہوجائیں گے۔ لیکن دوسرا ایمان رکھنے والا اگر اُسکے ظہور کے دن پردہ کے پیچھے رہ جائے تو اُسکی ہر شان ناری (جہنمی) ہوجائے گی۔ پس مجھے قسم ہے اُسکی نفس کے حق کی جسکا کفو یا شبہ، یا عدل یا قرین، یا مانند کوئی حق نہیں، کہ کتاب بیان پر ایمان لانے کا جیسا حق ہے ویسا ایمان اُس شخص کا نہیں ہے جو من یظہرہ اللہ پر ایمان نہیں لاتا۔ جیسے وہ شخص قرآن پر ٹھیک ٹھیک ایمان نہیں لایا جو البیان پر ایمان نہیں لایا۔ ایسے ہی وہ شخص صحیح معنوں میں انجیل پر ایمان نہیں لایا جو قرآن پر ایمان نہیں لایا۔ جس دن من یظہرہ اللہ ظاہر ہوگا اُس دن روئے زمین کے سارے باشندے ہم رتبہ ہونگے پس جسکو وہ نبی بنادیگا وہ (ایسا) نبی ہوجائیگا (گویا) اول لا اول سے ہی نبی تھا، اور آخر لا آخر تک رہیگا۔ کیونکہ یہ خود خدا کی تقدیر ہوگی، اور جسکو وہ ولی بنادیگا وہ ہر دائرہ میں ولی ہوجائیگا۔ (الی قولہ) پس اُسکا دامن مضبوط تھامنے کی کوشش کرو کیونکہ اُسکے دن میں اور آج میں وہی نسبت ہے جو آخرت اور دنیا کی زندگی میں ہے۔ اگر اُسکی کتاب نہ ہوتی تو یہ کتاب (بھی) نازل نہ ہوئی ہوتی، اگر اُس کا نفس نہ ہوتا تو خدا مجھے بھی ظاہر نہ کرتا۔ پس تحقیق جانو، میں ہی ہوں اور وہ میں ہی ہونگا۔ یہ بات ایسی ہے جیسے سورج۔ اگر وہ بے انتہا مطالع سے طالع ہو تو بھی وہ ہے تو ایک

ہی سورج۔ (الیٰ قولہٖ) امید ہے کہ تو اُسکے ظہور کے وقت آٹھویں سال میں خدا کا دیدار دیکھے گا۔ اگر پہلے نہ دیکھا تو پیچھے دیکھے گا۔ (الیٰ قولہٖ) عنقریب تیرے سامنے وہ ظاہر ہو جائیگا۔ جس کی شخصیت جس کے ذکر کی بلندی اور جسکے امر کے ارتفاع ہے متعلق تو نے دریافت کیا ہے۔ اور ایسے لوگ بھی بیان کے ماننے والوں میں ہیں جو ان باتوں کو پڑھیں گے اور اُسکے ظہور کی طرف متوجہ نہ ہونگے۔ (الیٰ ان قال) بلند ہے تو اے خداوند میرے۔ تو گواہ رہ میری اس بات کا کہ اس تحریر کے ذریعہ میں نے اُسکی حمایت کا عہد و پیمان لیا ہے جس کو تو ضرور ظاہر کریگا۔ اور یہ عہد میں نے اپنی ولایت کے عہد سے بھی مقدم سب سے لیا ہے۔ تیری اور اُن کی گواہی جو تیری آیات کے اوپر ایمان لائے میرے لئے کافی ہے۔ تو ہی میرا سہارا ہے۔ میں تیرے ہی اوپر توکل کرتا ہوں اور تو سب ہی کے لئے کافی ہے۔ اے حرفِ (حیّ) اُسکی حمایت اور دوستی کا عہد ہر اُس شخص سے لے جو ایمان کا اقرار کرتا ہے اور تمام اُن باتوں کے متعلق عہد لے جو تیرے علم کے اندر ہیں۔ رہا میں تو میں نے پوری کتاب بیان لکھدی۔ اور جو کوئی بھی اس تحریر کی کتابت کریگا وہ بھی اُس کے ظہور سے قبل اُس پر ایمان لانے کا اقرار کریگا۔ پس اس موضوع کو زیادہ سے زیادہ شہرت دے تاکہ اُسکا ذکر تحریر میں مضبوط ہو جائے، یہانتک کہ اُسکا ظہور ہو جائے۔ اِس میں شک نہیں کہ یہ ایک بلند رتبہ عزت ہے جو نادر الحصول ہے، اور یہ فضل بلند و رفیع ہے۔

(نوٹ:۔ یہ لوح مبارک فاضل مازندرانی کی تاریخ ظہور الحق کی تیسری جلد میں صفحہ ۲ پر موجود ہے۔ اصل عربی سے ایس۔ ایچ قریشی نے اُردو میں ترجمہ کیا۔)

حضرت باب اللہ

حضرت باب اللہ کا ظہور اپنی شان کا نرالا ظہور ہے۔ وہ ایک دَور کے آخر اور دوسرے دَور کے اوّل و مبشر اعظم ہیں۔ دَورِ نبوّت و بشارت جو قیامتِ کبریٰ کی خوشخبری سُناتا تھا اُسکے آخری دن حضرتِ باب نے ظہور فرمایا اور اعلان کردیا کہ دَورِ قیامتِ کبریٰ کا افتتاح ہو گیا ہے میں اُس کا دروازہ ہوں "من یظہرہُ اللہ" حضرت بہاء اللہ اُس دَور کے ظہورِ اعظم ہیں کتاب بیان میں فرمایا ہے کہ تمام گزشتہ پیغمبروں کا ظہور میرے لئے تھا اور میرا ظہور من یظہرہُ اللہ کے لئے ہے۔

حضرت باب اللہ کی عظمت ایک بے نظیر مبشر ہونے کے ساتھ یہ بھی ہے کہ وہ ایک مستقل ظہور ہیں۔ احکام جدیدہ کے شارع ہیں۔ حضرت باب کتاب قیوم الاسماء میں فرماتے ہیں "میں بیت اللہ ہوں۔ میں چراغ خداوندی ہوں"۔ "میں تجلّی طور میں چمکنے والی آگ ہوں"۔ "میں نبأ عظیم ہوں"۔ "میں ذکر اللہ ہوں"۔ "ہر نبی سے میرے لئے عہد لیا گیا ہے۔ میں عالم حقیقت کا نقطۂ وجود ہوں"۔ "میں وہ جلوۂ خداوندی ہوں جسے فنا نہیں"۔ "میں وہ نورِ حق ہوں جو لازوال ہے"۔ خدا نے اپنی رضا کی کُنجیاں میرے دائیں ہاتھ میں اور قہر کی کُنجیاں میرے بائیں ہاتھ میں دیدی ہیں۔

سورۂ ملک میں جو کچھ اپنے ظہور کی نسبت فرمایا ہے اس میں یہ بھی ہے کہ میں منجانب اللہ حق ہوں۔ دین خالص لایا ہوں۔ میں ماہ خداوندی ہوں۔ میں کائنات میں

ایک سرِّ باطنی ہوں۔ جو خدا کی اطاعت کرنا چاہتا ہے وہ میری اطاعت کرے جو کوئی میری اطاعت سے رُوگرداں ہے قیامت کے دن محروم ہے اسکے اعمال نامقبول ہیں۔

حضرت باب اللہ نے ۲۳ مئی سنہ ۱۸۴۴ء سے ۹ جولائی سنہ ۱۸۵۰ء تک قلیل عرصے میں جو اثر و نفوذ قلوب و ارواح پر کیا وہ بھی اپنی جگہ بے نظیر ہے۔ بابی شہدا کی تاریخ اپنی عظمت کی گواہ ہے۔ تاریخ نے تسلیم کرلیا ہے کہ ایسی شہادتیں کسی پیغمبر کے ظہور میں واقع نہیں ہوئیں۔

ایک اور عظمت کا نشان حضرت باب کی زندگی میں یہ تھا کہ انبیاء سابقین پر ایک ایک کتاب نازل ہوئی حضرت باب اللہ کی کتب منزلہ بکثرت ہیں اور علوم روحانی کے سمندر اُن میں موجزن ہیں۔

حضرت باب آنے والے ظہور یعنی حضرت بہآء اللہ کی محبت میں شہادت کی تمنا کیا کرتے تھے کہ اے بقیۃ اللہ میں اپنا سب کچھ تجھ پر فدا کرچکا ہوں اور تیری راہ میں ہر دشنام سننا گوارہ کی ہے اور تیری محبت میں قتل ہوجانے کی تمنا رکھتا ہوں، چنانچہ اپنی پسندیدہ قربانی دیکر اپنی شان بلند دکھادی۔

حضرت بہآء اللہ نے حضرت باب کو جو القاب دیئے ہیں اُن میں "محبوب اور محبوب العلمین" بھی ایک شاندار لقب ہے۔ حضرت باب کی محبت میں حضرت بہآء اللہ نے بڑے بڑے مصائب برداشت کیے یہاں تک کہ کتاب ایقان میں فرماتے ہیں کہ میں نہایت خوشی سے ہتھیلی پر جان لیے حاضر ہوں کہ شاید بعنایتِ الٰہی اور فضلِ سبحانی سے حضرت باب کی راہ میں فدا ہوجاؤں۔ حضرت عبدالبہاء فرماتے ہیں کہ حضرت باب کا ظہور گویا آفتاب کا برج حمل میں آنا ہے اور حضرت بہاءاللہ کا ظہور آفتاب کا برج اسد میں آنا ہے جبکہ اشراق نہایت عظیم ہوتا ہے۔

اور پھر اب حضرت باب نے اپنی تمام تجلیات حضرت بہآء اللہ کے ظہور میں محو ہوکر نمودار فرمائی ہیں۔ حضرت باب کے آفتاب ظہور نے اپنی تیز کرنوں سے ایسے لوگوں کو جلادیا ہے جو اُنکے محبوب حضرت بہآء اللہ پر ایمان نہ لائے۔ اسی لیے حضرت باب کی تمام شان ظہور بہآئی کے پردے پر منعکس ہوکر چمک رہی ہے۔ حضرت باب کے بہت سے احکام حضرت بہآء اللہ نے قلم اعلیٰ سے جاری و نافذ فرما دیئے ہیں۔ حضرت باب کے ظہور کا جشن صدسالہ تمام دُنیا میں اہل بہآء نے منایا ہے۔ جہاں جہاں حضرت بہآء اللہ کا ذکر پہنچا ہے حضرت باب کا ذکر بھی ساتھ ہوتا ہے۔ فی الحقیقت دونوں ظہور اگر ایک دوسرے کی نسبت یہ فرمائیں تو حق ہے کہ "وہ میں ہوں اور میں وہ" فی الحقیقت دینی و روحانی عالم میں یہ ظہور عجیبُ بے نظیر ہے۔ آج اُسی کی رُوحانی بادشاہت کا دَور ہے اور ہم سب اسی کے زیر اثر ہیں۔

بہآئی سمر اسکول

بہآئی سمر اسکول میں مذاہب عالم اور عصر حاضر کی مقدس الہامی کتابوں پر غور و فکر کیا جاتا ہے۔ امسال بہآئی سمر اسکول ۱۵ اکتوبر سے آخر اکتوبر تک کراچی میں قائم ہوگا۔ حظیرۃ القدس کراچی میں سمر اسکول کا انتظام ہوگا۔ امید ہے کہ یہ سمر اسکول گزشتہ تمام برسوں سے سبقت لے جائیگا۔ آپ بھی ابھی سے سمر اسکول کے لئے اپنا پروگرام تیار کرلیجئے۔